11/07/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ عارف حسین سے خبریں سُنئے

لیفٹنٹ گورنر

سرینگر میں بھارت سن رچناجے اینڈ کے 2025 کے موضوع پر ایک خصوصی نمائش کا SKICC کل آغاز ہوا۔ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور راجیہ سبھا ممبر غلام علی کھٹانہ نے مشترکہ طور اس نمائش کا افتتاح کیا۔اس موقع پر ایل جی نے کہا کہ یہ نمائش وکست بھارت 2047 کے نظریے کے تحت منعقد کی جارہی ہے۔

-------

واضح رہے کہ یہ نمائش کل یعنی سنیچر وار کو اختتام پذیر ہوگی ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ نے کہا ہے کہ جموں کشمیر کثیر جہتی سیاحتی وسائل سے مالا مال ہے اور اس خطے میں سیاحوں کو ہر طرح کی سیاحت کے موقعے دستیاب رہتے ہیں۔ کولکتہ میں سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جموں کشمیر اور مغربی بنگال Fair ٹراول اینڈ ٹورازم کے آپس میں گہرے ثقافتی رشتے ہیں۔
ا

---

نہوں نے سیاحوں سے کشمیر کی سیر پر آنے کی دعوت دی۔±

---------

جاوید احمد ڈار

پی ایچ ڈِی چیمبر آف کامرس اینڈ اِنڈسٹری کشمیر کے ایک وفد نے چیئرمین اے پی ویکی شا کی قیادت میں سول سیکرٹریٹ میں زراعت، دیہی ترقی و پنچایتی راج کے وزیر جاوید احمد ڈار سے ملاقات کی۔ ملاقات میں جموں و کشمیر میں زراعت، باغبانی اور اس سے منسلک شعبوں کی ترقی سے متعلق اہم مسائل اور تجاویز پر تبادلہ خیال کیا گیا۔وزیر موصوف نے وفدکو یقین دِلایا کہ اُن کے تمام مطالبات پر سنجیدگی سے غور کیا جائے گا۔

TAD

قبائلی طبقے کے نو جوانوں کو جامع تعلیمی سہولیات فراہم کرنے اور
ا

---

نہیں با اختیار بنانے کی غرض سے قبائلی امور کے محکمے نے درجہ فہرست قبیلے سے ± وابستہ دو ہزار 308 طالب علموں کے حق میں چار کروڑ 70 لاکھ روپے کی وظیفے کی رقم کو منظوری دی ہے۔قبائلی امور کے وزیر جاوید احمد رانا نے کہا ہے کہ یہ قدم عمر عبد اللہ کی سربراہی والی سرکار کے قبائیلی طبقونکی بہبودی کے عزم کی عکاسی کرتا ہے ۔

یاترا

سالانہ شری امر نا تھ جی یاترا پہلگام اور بال تل دونوں راستوں سے احسن طریقے پر جا ری ہے اور کل شام تک ایک لاکھ 43 ہزار سے زیادہ یاتریوں نے پوتر گپھا میں شیولنگم کے درشن کئے ۔ دریں اثناءآج صبح جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے 6ہزار 482 یاتریوں پر مشتمل ایک اور قافلہ وادی کی طرف روانہ ہوا ۔

ماحولیاتی کمیٹی

جموں کشمیر قانون ساز اسمبلی کی ماحولیاتی کمیٹی نے یوٹی میں بڑھتی ماحولیاتی آلودگی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اس بارے میں مناسب اقدامات کرنے پر زور دیا ہے۔کمیٹی کے چیئرمین محمد یوسف تاریگامی کی صدارت میں منعقدہ ایک میٹنگ میں پیڑوں کے بے دریغ کٹاو کے چیر مین Concerned Citizens پر بھی تشویش کا اظہار کیا گیا۔میٹنگ میں گروپ آف خورشید احمد گنائی کی سربراہی میں گروپ کے کئی ممبران نے بھی شرکت کر کے اس بارے میں اپنی تجا ویز دیں ۔

چیف سکریٹری

چیف سکریٹری اٹل ڈلو نے ڈیزاسٹر مینجمنٹ ، امداد باہمی اور تعمیر نو محکمہ کے کام کا ج کا ایک میٹنگ میں جائزہ لیا۔ انہوں نے افسران سے کہا کہ وہ جموں کشمیر کو آفات سماوی سے مقابلہ کرنے کے لئے مضبوط بنائیں ۔عالمی حدت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے انہوں نے یوٹی میں اس کے اثرات کو کم کرنے کے لئے ایک فعال نقطہ نظر کی ضرورت پر زور دیا۔ چیف سکریٹری نے وادی کشمیر میں مہاجر ملازمین کے لئے تیار کردہ ٹرانزٹ رہائش کی تعمیر کا بھی جائزہ لیا۔

فسٹیول

شادھرا اوڑی میں میگا بارڈر فسٹیول ”جشن-سرحد ، صوفی ساز کے سنگ“ منایا گیا ۔ اس فسٹیول میں علاقے کی ثقافتی ہم آہنگی ، ورثہ اور ترقی کو اجا گر کیا گیا ۔ فسٹیول کا افتتاح ایم ایل اے اوڑی ڈاکٹر سجاد شفیع نے کیا ۔ فسٹیول میں ڈپٹی کمشنر بارہمولہ منگا شیرپا نے بھی شرکت کی ۔ اس تہوار کے ذریعے سرحدی رہائشیوں کو ایک متحرک ثقافتی پلیٹ فارم فراہم کرنے کے علاوہ Vibrant Villages Programme Phase II کے تحت حکومت کے ان علاقوں میں ترقی کو مربوط کرنے کے لئے عزم کی عکاسی بھی ہوئی ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 19 اعشاریہ 8 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 25 اعشاریہ 5 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ